AQF / Shabbir

02-06-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 چناؤ نتائج سے پہلے کے بیشتر ایگزٹ پولز میں پیشگوئی کی گئی ہے لوک سبھا کے انتخابات میں BJP کی قیادت والے NDA کو زبردست جیت حاصل ہوگی۔

2. پارلیمانی انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے میں 62 فیصد سے زیادہ پولنگ ریکارڈ کی گئی۔

3. اروناچل پردیش اور سکم میں اسمبلی انتخابات کیلئے ووٹوں کی گنتی جاری ہے۔BJP اروناچل پردیش میں سبقت بنائے ہوئے، جبکہ سکم میںSKM آگے ہے۔

4. آندھراپردیش اور اڈیشہ میں لوک سبھا اور اسمبلی چناؤ کیلئے ووٹوں کی گنتی منگل کو کی جائے گی۔

5. مئی میں اشیاء اور خدمات ٹیکس GST کی مجموعی حصولیابی ایک لاکھ 73 ہزار کروڑ روپے رہی۔ محکمہ خزانہ کے بیان کے مطابق یہ 10 فیصد کا سال دَر سال کا اضافہ ہے۔

6. اور کرکٹ میں: ٹی-ٹوینٹی کرکٹ عالمی کپ کے پہلے میچ میں آج امریکہ کے Dallas کے مقام پر امریکہ اور کینیڈا کے درمیان میچ جاری ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

LS-EXIT POLLS

منگل کو لوک سبھا چناؤ 2024 کیلئے ووٹوں کی گنتی سے قبل پرائیویٹ ٹی وی نیوز چینلز اور دیگر ایجنسیوں نے ایگزٹ پول کے اعداد وشمار جاری کئے ہیں۔ بیشتر ایگزٹ پول میں یہ بتایا گیا ہے کہ BJP کی قیادت والا نیشنل ڈیموکریٹک اتحاد کا لوک سبھا چناؤ میں اقدار برقرار رہے گا۔ ایگزٹ پول میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ این ڈی اے 543 رُکنی لوک سبھا میں دوتہائی اکثریت حاصل کرسکتا ہے اور 272 سیٹوں کی واضح اکثریت سے تجاوز کرسکتا ہے۔

بیشتر رائے شماری کرنے والے نریندر مودی کی قیادت والی NDA حکومت کی پیشگوئی کر رہے ہیں اور یہ کہہ رہے ہیں کہ NDA اتحاد 350 سے زیادہ سیٹیں جیتے گی۔ جبکہ اپوزیشن کا آئی این ڈی آئی اتحاد لوک سبھا انتخابات میں 125 سے 150 سیٹیں حاصل کرسکے گا۔ لوک سبھا چناؤ 2024 میں BJP کی قیادت والے NDA اور کانگریس کی قیادت والے آئی این ڈی آئی اتحاد کے درمیان براہ راست مقابلہ دیکھنے کو ملا ہے۔حکمراں BJP وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں لگاتار تیسری مدت کیلئے سرکار بنانے کے تئیں پر امید ہے۔×

**PM-INDI ALLIANCE**

وزیراعظم اور BJP کے سینئر لیڈر نریندر مودی نے کہا ہے کہ موقع پرست آئی این ڈی آئی اتحاد رائے دہندگان کے ساتھ تعلق قائم کرنے میں ناکام رہا ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ وہ فرقہ پرست، بدعنوان اور ذات پات پر یقین رکھنے والا اتحاد ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس اتحاد کا مقصد خاندانی سیاست کا تحفظ کرنا ہے اور وہ ملک کی مستقبل کی سوچ کو پیش کرنے میں ناکام رہا ہے۔ جناب مودی نے اپنی مہم کے ذریعہ بتایا کہ آئی این ڈی آئی اتحاد نے صرف مودی کو برا بھلا کہنے میں اپنی توانائی صرف کی۔ جناب مودی نے کہا کہ اس طرح کی رجعت پسندانہ سیاست کو عوام نے مسترد کردیا ہے۔×

**7-PHASE POLLING**

لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے میں کل 62 اعشاریہ تین چھ فیصد پولنگ ریکارڈ کی گئی۔ اِس مرحلے میں سات ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے کی 57 لوک سبھا سیٹوں کیلئے ووٹ ڈالے گئے تھے۔ اِن میں اترپردیش اور پنجاب کی 13-13 سیٹیں، مغربی بنگال میں 9، بہار میں 8، اڈیشہ میں 6، ہماچل پردیش میں چار، جھارکھنڈ میں تین اور چنڈی گڑھ کی ایک پارلیمانی سیٹ شامل ہے۔

بہار میں 51 اعشاریہ نو دو فیصد رائے دہندگان نے اپنے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا۔ چنڈی گڑھ میں 67 اعشاریہ نو صفر فیصد پولنگ ریکارڈ کی گئی۔ پنجاب میں 61 اعشاریہ تین دو فیصد اور اترپردیش میں 55 اعشاریہ پانچ نو فیصد پولنگ ریکارڈ کی گئی، جبکہ مغربی بنگال میں 73 اعشاریہ سات نو فیصد پولنگ ریکارڈ کی گئی۔ اڈیشہ میں 70 اعشاریہ چھ سات فیصد رائے دہندگان نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا، جبکہ ساتھ ہی ساتھ آمبلی کی بقیہ 42 سیٹوں کیلئے بھی ووٹنگ ہوئی۔ لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے میں کُل 904 امیدوار میدان میں تھے۔ اہم اور سرکردہ لیڈروں میں وزیراعظم اور BJP کے سینئر لیڈر نریندر مودی، پارٹی لیڈران انوراگ ٹھاکر، روی شنکر پرساد اور کنگنا رناوت کے علاوہ کانگریس کے لیڈر منیش تیواری، وِکرما دتیہ سنگھ، RJD کی لیڈر میسا بھارتی اور ترنمول کانگریس کے لیڈر ابھیشیک بنرجی شامل تھے۔

اس کے علاوہ ہماچل پردیش میں 6 حلقوں کیلئے اسمبلی کے ضمنی انتخابات بھی ہوئے۔ جبکہ گُل بہار، اترپردیش اور مغربی بنگال میں بھی ایک ایک سیٹ پر ضمنی چناؤ ہوا۔ اس طرح ساتویں مرحلے کی تکمیل کے ساتھ دنیا کا یہ سب سے بڑا پولنگ عمل مکمل ہوا، جو 9 اپریل کو شروع ہوا تھا۔

انتخابی کمیشن نے ایک بیان میں کہا ہے کہ تمام ساتوں مرحلوں کے دوران ملک بھر میں چناؤ پوری طرح پرامن رہا اور خوش اسلوبی سے انجام دیئے گئے۔ اعلیٰ انتخابی کمشنر راجیو کمار کے ہمراہ انتخابی کمشنرز گیانیش کمار اور ڈاکٹر سکھبیر سنگھ سندھو کی سربراہی میں کمیشن نے ساتویں مرحلے کے عام انتخابات کے دوران چناؤ عمل کے ہر پہلو پر قریبی نگاہ رکھی ہوئی تھی۔ کمیشن نے بتایا کہ سکیورٹی کے سخت انتظامات کئے گئے تھے، جس کی وجہ سے رائے دہندگان نے کسی ڈر وخوف کے بغیر اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا اور ووٹ ڈالنے کے دوران ایک خوشگوار ماحول قائم رہا۔

کمیشن نے مزید بتایا کہ انتخابی افسروں کی زبردست سپیشگی منصوبہ بندی اور زبردست تربیت کے ساتھ اس مرتبہ انتخابات میں دوبارہ چناؤ کرانے کے واقعات میں خاطر خواہ کمی دیکھی گئی ہے۔ اس سے انتخابی عمل کی صاف ستھرے پن کا مظاہرہ ہوتا ہے۔ لوک سبھا کے انتخابات کیلئے ووٹوں کی گنتی اب منگل کے روز یعنی 4 جون کو ہوگی۔×

**PM-ECI**

وزیراعظم نریندر مودی نے صاف ستھرے اور منصفانہ انتخابی عمل کو یقینی بنانے میں چناؤ کمیشن کی مثالی کوششوں کیلئے اس کی تعریف کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ بھارتی جمہوریت کی سالمیت کو برقرار رکھنے میں، اُن کی لگن اور محتاط منصوبہ بندی کا اہم رول رہا ہے، جس کے سبب ملک بھر کے شہریوں نے اعتماد کے ساتھ اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک کا انتخابی عمل کچھ ایسا ہے کہ جمہوری اقدار میں یقین رکھنے والا ہر شخص اس سے تحریک لیتا ہے۔

وزیراعظم نے پورے الیکشن کے دوران سکیورٹی فورسز کی زبردست نگرانی کیلئے اُن کا شکریہ بھی ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ اُن کی کوششوں کی وجہ سے ایک محفوظ اور پرامن ماحول میں چناؤ کو یقینی بنایا جاسکا اور لوگوں نے آسانی کے ساتھ چناؤ کے عمل میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم سبھی نے ملک کے تیئں اُن کی خدمات کی زبردست ستائش کی ہے۔×

**ASSEMBLY COUNTING**

اروناچل پردیش اور سکم میں اسمبلی انتخابات کیلئے ووٹوں کی گنتی جاری ہے۔ دونوں ریاستوں میں ووٹوں کی گنتی آج صبح سویرے 6 بجے شروع ہوئی تھی۔ دونوں اسمبلیوں کی مدت کل ختم ہورہی ہے۔ دونوں شمال مشرقی ریاستوں میں اسمبلی اور لوک سبھا کے انتخابات ایک ساتھ 19 اپریل کو ہوئے تھے۔ اروناچل پردیش 60 اسمبلی حلقوں پر مشتمل ہے، جن میں سے BJP دَس سیٹیں پہلے بلا مقابلہ جیت چکی ہے۔

ریاست بھر میں 24 کاؤنٹنگ سینٹرز قائم کئے گئے ہیں اور اس عمل میں دو ہزار سے زیادہ چناؤ اہلکار حصہ لیں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Rakesh Doly**

*اروناچل پردیش میں ووٹوں کی گنتی کے 24 مراکز پر 2 ہزار سے زیادہ اہلکاروں کو تعینات کیا گیا ہے۔ ووٹوں کی گنتی کے عمل کو آسان بنانے کے لیے 27 مشاہدین اور دو سونواسی باریک بنی سے مشاہدہ کرنے والوں کو بھی تعینات کیا گیا ہے۔ اروناچل پردیش کی دو لوک سبھا سیٹوں اور ریاستی اسمبلی کے لیے 19 اپریل کو واحد مرحلے میں ایک ساتھ پولنگ ہوئی تھی۔ ریاست کی 60 اسمبلی سیٹوں میں سے برسر اقتدار BJP پہلے ہی 10 سیٹوں پر بلا مقابلہ کامیاب ہو چکی ہے۔ اِن سیٹوں میں وزیراعلیٰ پیما کھانڈو اور نائب وزیراعلیٰ چاؤنہ مین چوکھام کی اسمبلی سیٹیں بھی شامل ہیں۔ اروناچل پردیش کی 50 سیٹوں کے لیے 133 امیدوار انتخابی میدان میں تھے۔*

*ایٹانگر سے راکیش ڈولے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ضمیر رضوی*

سکم میں 32 رُکنی ریاستی اسمبلی منتخب کرنے کیلئے چناؤ کرائے گئے تھے۔ 146 امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کرنے کیلئے ووٹوں کی گنتی کے سلسلے میں ریاست بھر میں 6 سینٹر قائم کئے گئے ہیں۔ اہم اور سرکردہ امیدواروں میں، جن کی قسمت کا فیصلہ ہوگا، ان میں موجودہ ریاستی وزیراعلیٰ پریم سنگھ Tamang اور سکم کرانتی کاری مورچہ کے ریاستی قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر ارون کمار Upreti، سابق وزیراعلیٰ پون کمار چاملنگ اور سکم ڈیموکریٹک فرنٹ کے نامور فٹبال کھلاڑی بھائی چُنگ بھوٹیا شامل ہیں۔ نئی قائم کی گئی سیٹزن ایکشن پارٹی کے وزیراعلیٰ کے امیدوار گنیش کمار رائے اور BJP کی اسٹیٹ یونٹ کے صدر ڈی آر تھاپا کی سیاسی قسمت کا بھی فیصلہ ہوگا۔ ہم نے سکم کے CEO ڈی آنند سے ووٹوں کی گنتی سے متعلق بات چیت کی۔

**Byte: Sikkim CEO**

## LOK SABHA COUNTING

لوک سبھا انتخابات 2024 اور آندھرا پردیش اور اڈیشہ کی قانون ساز اسمبلیوں اور اسمبلی حلقوں کے ضمنی چناؤ کیلئے ووٹوں کی گنتی منگل کے روز صبح آٹھ بجے سے شروع ہوگی۔ اعلیٰ انتخابی کمشنر راجیو کمار کے ہمراہ انتخابی کمشنرز گیانیش کمار اور ڈاکٹر سکھبیر سنگھ سندھو نے تمام اعلیٰ انتخابی افسروں اور ریٹرننگ افسروں کے ساتھ ووٹوں کی گنتی کے دن کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔

انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ ووٹوں کی گنتی کے رجحانات اور نتائج E C I کی ویب سائٹ : https://results.eci.gov.in کے ساتھ ساتھ ووٹر ہیلپ لائن ایپ پر دستیاب ہوں گی۔ ووٹر ہیلپ لائن ایپ گوگل پلے اسٹور یا ایپل پلے اسٹور سے ڈاؤن لوڈ کی جاسکتی ہے۔ہم نے ہماچل پردیش کے CEO منیش گرگ سے بات چیت کی۔

**Byte: Himachal-CEO**

**ECI CENTRAL FORCES**

بھارت کے انتخابی کمیشن نے ریاستوں اور مرکزی مشاہدین کی طرف سے فراہم کردہ جائزہ کی بنیاد پر چناؤ کے بعد کسی طرح کے تشدد کو روکنے کے لئے مرکزی فورسز کے دستے فراہم کیے ہیں۔

ذرائع نے بتایا ہے کہ آندھرا پردیش اور مغربی بنگال میں ووٹوں کی گنتی کے بعد پندرہ دن کے لیے سیکیورٹی فورسز فراہم کی گئی ہیں۔ اسی طرح اترپردیش، اڈیشہ، سکم، ارونا چل پردیش کو بھی ووٹوں کی گنتی کے بعد دو روز تک سیکورٹی فورسز فراہم کی گئی ہیں۔

**BREAK**

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**GST COLLECTIONS**

اس سال مئی کے مہینے میں اشیاء اور خدمات ٹیکس، GST کی مجموعی حصولیابی ایک لاکھ 73 ہزار کروڑ روپے رہی۔ محکمہ خزانہ کے بیان کے مطابق یہ 10 فیصد کا سال دَر سال اضافہ ہے۔ مئی کے مہینے کے مجموعی GST محصول میں مرکزی GST 32 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ، ریاستی GST 40 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ اور مربوط جی ایس ٹی 87 ہزار 781 کروڑ روپے سے زیادہ رہا، وہیں Cess کا حجم 12 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ رہا۔

محکمہ خزانہ نے مزید بتایا کہ ریفنڈس کی واپسی کے بعد گزشتہ مہینے نیٹ GST کی رقم ایک لاکھ 44 ہزار کروڑ روپے رہی، جو گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے 6 اعشاریہ 9 فیصد کا اضافہ ہے۔ محکمہ خزانہ نے مزید کہا کہ مالی سال 2024-25 کے دوران GST کی مجموعی حصولیابی تین لاکھ 83 ہزار کروڑ روپے رہی۔ یہ 11 اعشاریہ تین فیصد کا سال دَرسال اضافہ ہے، جس کیلئے گھریلو لین دین میں قابل لحاظ اضافہ اور درآمدات میں معمولی بڑھوتری جیسے عوامل کار فرما ہیں۔×

**IMD WEATHER**

بھارتی محکمہ موسمیات نے شمال مشرقی بھارت اور جنوبی جزیرہ نما بھارت میں اگلے تین سے چار دن تک شدید سے شدید ترین بارش کے جاری رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات نے مزید کہا کہ اروناچل پردیش اور سکم میں بھی اگلے چار دن تک موسلا دھار بارش ہوسکتی ہے۔ وہیں منی پور میں بھی پیر اور منگل کے روز زبردست بارش کا امکان ہے۔

اس کے علاوہ محکمہ موسمیات نے کہا کہ شمال مغربی اور مشرقی بھارت میں اگلے دو دن میں اور وسطی بھارت میں اگلے پانچ دن کے دوران زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں دو سے تین ڈگری کی بتدریج کمی ہوگی۔

محکمہ موسمیات نے مزید کہا کہ اتراکھنڈ کے دور دراز کے علاقوں اور جھارکھنڈ میں کل تک اور دلی، مشرقی مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، بہار اور اوڈیشہ میں آج سخت گرمی کی صورتحال جاری رہے گی۔ مغربی راجستھان میں 4 اور 5 جون کو شدید گرمی کے حالات بنے رہیں گے۔x

**ASSAM FLOOD**

آسام میں سیلاب کی صورتحال مزید خراب ہوگئی ہے جس کے نتیجے میں 10 ضلعوں میں چھ لاکھ سے زیادہ لوگ متاثر ہوئے ہیں۔ گذشتہ 24 گھنٹے کے دوران سیلاب سے مزید تین لوگ ہلاک ہوئے ہیں جس سے مرنے والوں کی کُل تعداد 11 تک پہنچ گئی ہے۔

25 ریوینیو سرکلز میں کُل 597 گاؤں سیلاب سے متاثر ہوئے ہیں۔ اور ریاست بھر میں 4 ہزار 800 ہیکٹر سے زیادہ آراضی پر کھڑی فصلوں کو نقصان پہنچا ہے۔ ریاستی سرکار نے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں 187 راحتی کیمپ اور راحتی سامان کے 96 مراکز کھولے ہیں۔ NDRF اور SDRF کی ٹیمیں راحت اور بچاؤ کارروائیوں کے لیے تعینات کی گئی ہیں۔ سیلاب سے بری طرح متاثر Hailakandi، کچھار اور کریم گنج ضلعوں سے تین افراد کے مرنے کی تصدیق ہوئی ہے۔

**PREZ CONDOLENCE BOAT ACCIDENT**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے مدھیہ پردیش کے شیوپور ضلع میں ایک کشتی کے حادثے کے شکار ہونے میں لوگوں کی اموات پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی پیغام میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ کشتی حادثے میں بچوں سمیت کئی افراد کی موت کی خبر بے حد افسوسناک ہے۔ صدر جمہوریہ نے سوگوار کنبوں سے تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کے جلد صحت یاب ہونے کی دعا کی۔x

**PREZ HEATWAVE CYCLONE**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ ملک کے بہت سے حصوں میں جاری شدید گرمی اور لو سے عوام کو سخت تکلیف اور پریشانیاں جھیلنی پڑ رہی ہیں۔ انھوں نے اس شدید گرمی کی وجہ سے ہوئی ہلاکتوں پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔

اس دوران صدر جمہوریہ مرمو نے کہا ہے کہ سمندری طوفان Remal سے مغربی بنگال، آسام، شمال مشرق کے کچھ حصوں اور تلنگانہ میں بھی بھاری تباہی ہوئی ہے۔ صدر جمہوریہ راحت اور بچاؤ کی کوششوں کی کامیابی کے لیے دعا کی اور امید ظاہر کی کہ صورتحال جلد سے جلد معمول پر آجائے گی۔x

## T-20 WORLD CUP

ICC ٹی-ٹوینٹی عالمی کپ 2024 آج امریکہ میں شروع ہوگیا ہے۔ امریکہ اور ویسٹ انڈیز اس ٹورنامنٹ کی مشترکہ طور پر میزبانی کر رہے ہیں۔

ٹی-ٹوینٹی عالمی کپ کا پہلا میچ میزبان امریکہ اور کنیڈا کے درمیان کھیلا جارہا ہے۔ یہ میچ امریکہ کے شہر Dallas میں گرانڈ پرارے اسٹیڈیم میں جاری ہے۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے کنیڈا نے مقررہ 20 اوورس میں 5 وکٹ پر 194 رن بنا کر امریکہ کے سامنے جیت کیلئے 195 رن کا نشانہ رکھا ہے۔

## BADMINTON

بیڈمنٹن میں بھارت کی تنوی شرما نے Bonn انٹرنیشنل بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے خواتین کا سنگلز خطاب جیت لیا ہے۔ جرمنی کے Bonn میں کل کھیلے گئے فائنل مقابلے میں تنوی نے یہ خطاب اپنے نام کیا۔ نوجوان بھارتی کھلاڑی نے تائیوان کی Wang Pei کو 21-19، 22-20 کے سیدھے سیٹوں میں ہرایا۔ 15 سالہ تنوی کا یہ پہلا سینئر خطاب ہے۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

## PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......ضمیرالدین رضوی

شکریہ - آسیہ میمونہ

راجدھانی دلی سے آج شائع ہونے والے زیادہ تر اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو نمایاں جگہ دی ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کی کل ہوئی پولنگ کی خبر کو صفحہ اول کی شہ سرخی بنایا ہے۔ اخبار نے لکھا ہے کہ اب سبھی کو 4 جون کا شدت سے انتظار ہے جب نتیجوں کا اعلان کیا جائے گا۔ روزنامہ پرتاپ نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے اُس بیان کو اپنی شہ سرخی بنایا جس میں انھوں نے کہا ہے کہ قوم، مغربی بنگال، آسام اور شمال مشرقی بھارت میں سمندری طوفان ریمل سے ہوئی تباہی سے متاثرہ افراد کے ساتھ کھڑی ہے۔

روزنامہ ملاپ نے لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کی پولنگ کے دن ہفتے کے روز نئی دلی میں INDIA اتحاد کے رہنماؤں کی اہم میٹنگ کو نمایاں جگہ دی ہے۔ اخبار کے مطابق اس میٹنگ میں اتحاد کی آئندہ حکمتِ عملی پر غوروخوض کیا گیا۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا نے قومی راجدھانی میں گرمی سے معمولی راحت کی خبر کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔

اخبار نے لکھا ہے کہ تیز ہواؤں کے چلنے سے کئی علاقوں میں تار ٹوٹ گئے اور بجلی چلی گئی، تاہم موسم خوشگوار ہوگیا۔
روزنامہ انقلاب نے آج سے شروع ہو رہے T-20 عالمی کپ کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ عالمی کپ کے پہلے دن آج دو میچ کھیلے جائیں گے۔ x

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 چناؤ نتائج سے پہلے کے بیشتر ایگزٹ پولز میں پیشگوئی کی گئی ہے لوک سبھا کے انتخابات میں BJP کی قیادت والے NDA کو زبردست جیت حاصل ہوگی۔

2. پارلیمانی انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے میں 62 فیصد سے زیادہ پولنگ ریکارڈ کی گئی۔

3. اروناچل پردیش اور سکم میں اسمبلی انتخابات کیلئے ووٹوں کی گنتی جاری ہے۔BJP اروناچل پردیش میں سبقت بنائے ہوئے، جبکہ سکم میںSKM آگے ہے۔

4. آندھراپردیش اور اڈیشہ میں لوک سبھا اور اسمبلی چناؤ کیلئے ووٹوں کی گنتی منگل کو کی جائے گی۔

5. مئی میں اشیاء اور خدمات ٹیکس GST کی مجموعی حصولیابی ایک لاکھ 73 ہزار کروڑ روپے رہی۔ محکمہ خزانہ کے بیان کے مطابق یہ 10 فیصد کا سال دَر سال کا اضافہ ہے۔

6. اور کرکٹ میں: ٹی-ٹوینٹی کرکٹ عالمی کپ کے پہلے میچ میں آج امریکہ کے Dallas کے مقام پر امریکہ اور کینڈا کے درمیان میچ جاری ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

--------------------------------------